The unifying theme of Mr Bhutto's regime over the last four years has been a rapid and, sometimes, ruthless concentration of power. When faced with an independent institution, or social group — whether it was big business, the judiciary, the press, the Baluchi aristocracy, the Punjabi middle-class, or even his own party — Mr Bhutto's instinct has been either to take it over, or, if that was not possible, to destroy it.

He has tamed the big business families by nationalising the industries which were the basis of their prominence. He has vigorously attacked any kind of independent regional politics, sending Pathan and Baluchi political leaders to gaol and curbing regional tendencies even within his own party. The PPP, indeed, has had no internal elections, held not party conventions, and has no central committee.

In other cases, Mr Bhutto has made deals rather than attacking. He has drawn into his party a majority of large land-owners — the so-called "feudal classes" — making their little local zones of influence into elements in his own power structure. Most recently, he has laid his hands on another important lever of power — by nationalising the agricultural processing industries.

Because his initial targets were big business and political groups, which were arguably dangerous to the unity of Pakistan, his policies were at first seen as Socialist and nationalist. But, as the process has gone on, Mr Bhutto's career reads more and more like a chapter out of a history book of the Renaissance, the story of some centralising king.

The Opposition calls him a dictator, but the question is more complicated than that. There is no denying that Pakistan, in Mr Bhutto's own words, is a "very difficult country to rule." Ethnic and social disparities threaten its existence and certainly impede any plans for its development.

But has it really been necessary to destroy so much to rebuild? Can there be healthy developments when the means used are so dubious? How far is Mr Bhutto's levelling approach a function of Pakistan's social and economic problems and how far is it a function of his own egotistical and domineering personality?

"There is a fatal flaw in his character," said one of his former supporters. "He is a total cynic. He believes in rule by fear, he does not believe in political parties, least of all his own, and he believes that a corrupt instrument is better than an honest one, because he can use it more easily. He may want the right things for Pakistan, but he has driven decency and truth out of our political life."

Stories of his ruthlessness abound, but one in particular has sullied his reputation — the case of the former Minister, Mr J. A. Rahim. The picture of police dragging the elderly Rahim, once Bhutto's friend and mentor, out of his house by his heels in the middle of the night has stuck in the mind. This view of Mr Bhutto, a cruel and capricious man, accounts for much of the decline in his popularity.

But beyond that, his policies have alienated most groups in Pakistani society. Middle-class professionals are disturbed at the changes in status of the press, judiciary, and Civil Service. More businessmen are hostile. Farmers are angry about corruption in the handling of seed, fertiliser, and water.

When a recent shortage of cattle fodder forced the Government to introduce rationing, PPP appointees made fortunes. This is the background to the joke about the Punjabi farmer who, asked by a PPP canvasser to commit his vote, replies: "Don't ask me, ask my cow."

THE GUARDIAN.

فلم



شاہد اور سنگیتا میں جھپ رہی ہیں

۳۳۹ فلمیں زیر تکمیل ہیں

اپریل میں شمیم آرا لندن میں شوٹنگ کریں گی

ہدایتکاروں کے بعد اشتراک

پاکستان میں فلمسازی کا کام بند ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) خام فلم کی کمی کی وجہ سے آئندہ چند ہفتوں کے بعد پاکستان میں فلمسازی کا کام بالکل بند ہو جائے گا۔ یہ بات قومی فلم ترقیاتی کارپوریشن کے شعبہ پروڈکشن اور ...

روس میں پاکستانی فلمیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) روس میں پاکستانی فلموں کی باقاعدہ نمائش شروع ہو گئی ہے گزشتہ چند ماہ کے دوران جو پاکستانی فلمیں روس بھیجی گئی ہیں ان میں ... فلم ترقیاتی کارپوریشن نے روس بھیجا ہے۔

سیلون میں پاکستانی فلموں کا میلہ

صاعقہ نے شادی کر لی

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

کینیڈا کی شہریت رکھنے والے ایک پاکستانی کو جس کا تعلق پشاور سے ہے اور جس کی سالانہ آمدنی اٹھارہ ہزار ڈالر سے زیادہ ہے کینیڈا میں سکونت رکھنے والی مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لئے ذیل کے پتہ پر خط لکھیے۔

M. R. KHAN
C/O CRESCENT

کرائے کیلئے خالی ہے

دو کمرے، کچن اور مشترکہ باتھ روم ڈانفورتھ پارک اور ... کے علاقہ میں کرائے کے لئے خالی ہے۔ گوردوارہ کے قریب شادی شدہ جوڑے کے لئے موزوں رہائش۔ تفصیلات کے لئے فون کیجئے۔

259-4851

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف پانچ ڈالر ہے۔ جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے۔

people haven't ...perience. Once ...ia they were ...er. Politicians ...ough faith to ...rs should not ...m the people ...t's high time ... responsible ... is really des... ...l to pay the ...ent. ...ne has the ...Govt. elected ... the party in ...rties should ... process. Set ...oday and the ...ntry from the ...gh honour

...nt were ... Station ...Manager; ...er, PIA ...s (hold... ...Durrani, ...s, PIA

...E ...CES SALE ...NK MANU ... BUSINESS. ...S PLEASE ...-1316 ... & 4 P.M.

...HTLY ...ent ...ND

پندرہ روزہ ... اپنا اخبار ... اپنے دوست...

کریسنٹ

کریسنٹ

محفلِ شعر و سخن

(شعرائے اُردو کا تاریخ وار سلسلہ)

بادۂ کہن

اکبر الٰہ آبادی

بزرگوں پر زمانہ گذر چکا ہے یہ جب تجربہ ہوا جس

یہی سبب ہے جنہ کر جو طفل بادہ نہیں ہوتا

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

ہوتا ہے احساس عذائے لطیف سے
نیچے کو دیکھئے کہ جو دکھا کے کھل گیا

اک عکس ناتمام پہ عالم کو وجد ہے
کیا پوچھنا ہے آپ کے حسن و جمال کا

پرانی روشنی میں اور نئی میں فرق ہے اتنا
اُسے کشتی نہیں ملتی اِسے ساحل نہیں ملتا

بہت مشکل ہے بچنا بادۂ گلگوں سے خلوت میں
بہت آساں ہے یاروں میں معاذ اللہ کہہ دینا

فلسفی کو بحث کے اندر خدا ملتا نہیں
ڈور کو سلجھا رہا ہے اور سرا ملتا نہیں

ذرہ لیڈر کی شورش ہے نگر اس کا اثر غائب
لیڈروں کی صدا سنتا ہوں اور دکھائی نہیں آتا

سید اکبر حسین نام، اکبر تخلص، لسان العصر لقب، خان بہادر خطاب۔ ولادت ۱۸۴۶ء وطن الٰہ آباد۔ والد کا نام سید تفضل حسین رضوی تھا۔ مورث اعلیٰ سید علی ہرب نیشاپور (ایران) سے ۱۲۲۲ھ میں ہندوستان آئے تھے۔ اکبر کی ابتدائی تعلیم اُن کے والد کی نگرانی میں ہوئی۔ اس لئے فلسفہ اور تصوف کا غلبہ ہوگیا۔ انگریزی کی استعداد انہوں نے خود پیدا کی تھی ۱۸۶۷ء میں وکالت کا امتحان پاس کیا اس کے بعد نائب تحصیلدار ہوئے ۱۸۸۱ء میں منصف ہوگئے پھر ۱۸۹۴ء میں سب جج پر ترقی دی گئی ۱۸۹۸ء میں سیشن جج ہوئے ۱۹۰۵ء میں پنشن لی اور ۱۹۲۱ء میں الٰہ آباد میں انتقال کیا۔ لسان العصر سید اکبر حسین بذلہ سنج اور ظریف تھے شعر گوئی کا شوق بچپن سے تھا مولوی وحید الدین وحید شاگرد مصحفی سے تلمذ تھا۔ اکبر اُردو شاعری میں ایک نئی طرز کے موجد تھے وہ اس رنگ کے بانی بھی تھے اور خاتم بھی ادیب اور سائنس کے نقاد اور حکومت و سیاست کے نکتہ چیں تھے اُن کی شاعری اُن تمام ادبی اور معاشرتی رجحانات کی حامل ہے جو ہندوستان میں مغربی تعلیم اور تہذیب کے ردعمل سے پیدا ہوئے۔ اگر ایک طرف وہ حالی اور شبلی کی طرح حالی کے شاعر تھے تو دوسری طرف وہ اقبال کی طرح استقبال کے شاعر بھی تھے۔ اکبر کی شاعری کا مطالعہ ہماری سوسائٹی کی ذہنیت کا ایسا زندہ مرقع پیش کرتا ہے جس کی مثال نہیں ملتی اُن کی شاعری محض گل و بلبل ہی کی شاعری نہ تھی۔ بلکہ اس کا ایک نصب العین تھا وہ طنز اور ظرافت کے بادشاہ تھے ہم اُن کی شاعری کے اندر ایک وسیع کائنات پاتے ہیں

جامِ نو

غزل

تجھ بن گھر کتنا سونا تھا
دیواروں سے ڈر لگتا تھا

بھولی نہیں وہ شامِ جُدائی
میں اُس روز بہت رویا تھا

تجھ کو جانے کی جلدی تھی
اور میں تجھ کو روک رہا تھا

میری آنکھیں بھی روتی تھیں
شام کا تارا بھی روتا تھا

گلیاں شام سے بجھی بجھی تھیں
چاند بھی جلدی ڈوب گیا تھا

سناٹے میں جیسے کوئی
دُور سے آوازیں دیتا تھا

یادوں کی سیڑھی سے ناصر
رات اک سایا سا اُترا تھا

ناصر کاظمی

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (خوشنو)

مہاراں گاندھی اور اُن کے بیٹے سنجے اور کانگریس پارٹی کی شکست، جس پر اخبارات، رسالوں، ریڈیو اور ٹی وی پر الفاظ کا سیلاب ہے کہ موجیں مار رہا ہے۔ چاروں طرف سے کاش کاش کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں اور لوگ سوچ والے سرگوشیاں کر رہے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ برتھ کنٹرول کی مہم کی وجہ سے ناکامی ہوئی تو کوئی ایمرجنسی کے قوانین کو موردِ الزام قرار دے رہا ہے۔ کچھ ماہرین کا کہنا ہے کہ جمہوریت کی گاندھی کے آمرانہ طور طریقوں سے لوگ عاجز آگئے۔ کہا جاتا ہے کہ سنجے کا عروج شروع ہوتے ہی ماتا اندرا کا زوال شروع ہو چکا تھا۔

ہمارے نزدیک ان میں سے کوئی ایک بات یا سب مل کر بھی سریمتی گاندھی کو اسٹول سے نیچے نہیں اُتار سکتی تھیں۔ ہندوستان میں ہزاروں افراد کو جیلوں میں ٹھونس دیا گیا۔ مملکتِ خداداد میں بھی جیلوں کی آبادی اونچی ہے۔ ہندوستانی سرکاری افسران رشوت خور تو پاکستان کے مسلمان افسران کئی قدم آگے ہیں۔ اگر ہندوستان میں برتھ کنٹرول کی مہم زور شور سے چلی تو قرآن اور سنت پر ایمان رکھنے والوں کے ملک میں بھی یہ مہم ایوب خانی دور سے چلی آرہی ہے۔ ہندوستانی عوام جاہل اس لیے بغیر سوچے سمجھے ووٹ دے بیٹھے تو ہمارے ملک میں عالم پرکھیوں کے درخت پر پیدا ہوتے ہیں۔ ہندوستان کا ذریعہ تعلیم وہی جو انگریز چھوڑ گئے تو اسلامی ملک کے اسکولوں میں بھی دینیات کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے اور ۶۲ روپے ماہوار کا عالم بچوں کو مذہبی تعلیم دیتا ہے! یہ کہنا کہ ریڈیو اور ٹی وی والوں نے دیو رانی گاندھی کا کچھ زیادہ پروپیگنڈہ کیا، پاکستان کا ٹی وی، ریڈیو اور اخبارات بھی "مرزائی کے خلاف جہاد" کرتے ہوئے بالکل جائز طور پر سارا وقت اور جگہ برسرِ اقتدار پارٹی کے حق میں دے رہے ہیں۔ ان "مجاہدین" کے آگے سرنگوں کرنا ہی پڑتا ہے!

جمہوریہ کی گاندھی نے الیکشن سے پہلے حزبِ مخالف کے لیڈران کو بھی گھاس نہ ڈالی۔ اسی طرح بالکل جائز طور پر قائد عوام نے بھی۔ اپوزیشن کے لیڈر کا مذاق اُڑایا۔ میں نے کہا کہ یہ مذاق بالکل جائز طور پر اُڑایا گیا۔ پڑھنے والے کہیں یہ نہ سمجھیں کہ میں نے یہ بات طنزیہ لکھی ہے۔ ارے

نہیں بھائی! غلطی کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ اب آپ خود فیصلہ کریں کہ آج بیسویں صدی میں اگر کوئی سیاسی لیڈر یہ کہے کہ اگر وہ اسٹول پر بیٹھا تو تیرہ سو سال کے فرسودہ شرعی قوانین پھر سے نافذ کر دے گا۔ ایسا بیان دینے والے کے دماغ میں یا تو خلل ہوگا یا پھر یہ کرسی حاصل کرنے کے لیے جھوٹ بول رہا ہے۔ اب ذرا غور کریں کہ پاکستان کا ڈیلیگیشن اقوامِ متحدہ میں جاتا ہے اور مفتی محمود کرتا، قاعدہ اور شیروانی پہنے ہوئے تقریر کے لیے کھڑے ہوتے ہیں۔ ٹوپی کو سیدھا کرتے ہیں اور ٹھوڑی کو ڈاڑھی کے نیچے ٹھونکنے کے بعد بالوں کو کُرتے کے دامن سے پونچھتے ہیں۔ کھنکھار کر حلق صاف کرتے ہیں اور پورے ادب کا ریڈیو کے بعد تقریر شروع کرنے سے پہلے "بسم اللہ الرحمن الرحیم" کہتے ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں لوگ ان کو ٹی وی پر دیکھ رہے ہیں۔ مسلمان جب یہ سنیں گے کہ تقریر سے پہلے انہوں نے "بسم اللہ" پڑھی تو شرم سے گردنیں جھک جائیں گی۔ کالجوں میں پڑھنے والے فیشن ایبل لڑکے چیخ پڑیں گے "ارے! کم سے کم ایسی جگہ پر تو ایسی باتیں نہیں کرنی چاہئیں"۔ پاکستان کے عوام کو بھی شرمندگی ہوگی جب اقوامِ متحدہ میں شیروانی پہنے کھڑے ہیں۔ یہ بھی کوئی لباس ہے! پاکستان کے بانی اور ان کے بعد کے تمام لیڈر سوٹ کلاس مغربی سوٹ پہنتے تھے۔ مسلمان کتنے اچھے لگتے تھے۔ انگریز و مکینیل منتی کو انتیس دالی پین کر ہم سب کی کتنی بے عزتی کروا دی!

مفتی نے لمبی تقریر شروع کی جس میں قرآن، رسول اور شریعت کے حوالے۔ ظاہر تھا کوئی پاکستانی شہری جو گھبرا رہا ہوگا۔ "آدھا" کئی تقریر کرتے ہوئے مفتی نے گھڑی پر نظر دوڑائی اور صدر سے معذرت کر کے تقریر کو روک دیا۔ کہنے لگے ظہر کی نماز کا وقت ہوگیا ہے اس لیے دس منٹ کا وقفہ دیا جائے اور یہ کہہ کر جانماز بغل سے نکال کر ہال کے ایک کونے میں "اللہ اکبر" کہہ کے نماز میں جُٹ گئے۔ اور سعودی عرب اور ایران کے نمائندے غصے سے اپنی انگلیاں چبانے لگے کہ دیکھو تو معاذ اللہ! یہ کس ملک کا وحشی آگیا ہے۔ معلا یہ بھی کوئی جگہ تھی جہاں

اتنا کی سوچی جا سکتی ہے۔ عرب اور ایران کا شنزے سر پر ہاتھ مارتے ہیں شرم سے دور کرنے کے لیے ہال سے باہر نکلتے ہیں اور بلڈ روم میں جو سبکی اور جنون سے موڈ ٹھیک کرنے کی کوشش کرتے ہیں!

معترضہ صاحب نے مفتی صاحب کا جو مذاق اُڑایا اُس سے پاکستان کے پڑھے لکھے طبقے کو بھی سو فیصدی اتفاق۔ ایک بات یاد آگئی۔ مرحوم مولانا فضل الرحمٰن انصاری کے نام سے تو آپ واقف ہوں گے۔ ریکا میں اسلام پر لکچر دیا اور کئی امریکنوں کو مسلمان بنالیا۔ دوسرے دن یہ نو مسلم کچھ اس قسم کے لباس پہن کر آئے جیسے اکثر اسلامی ممالک میں پہنے جاتے ہیں۔ مولانا نے یہ جو دیکھا تو حیران رہ گئے۔ لکچر دیتے کھڑے ہوئے تو اسلامی پوشاک کا مذاق اُڑایا اور ان نو مسلموں کو جھاڑ پلا دی!!! لباس کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔ اسلام تو دل میں ہونا چاہیے۔ سوٹ پہنے سے کوئی انسان انگریز نہیں ہو جاتا۔ اگر دل میں اسلام سمایا ہوا ہے تو سوٹ کتنا خراب ہے کیا فرق پڑتا ہے۔ لیکن اتنی سیدھی سی باتیں مولانا گاندھی کی سمجھ میں آسکیں اور نہ نہرو کی۔ جب بھی ہوا تھا لندن جاتا تھا اسی دھوتی اور لنگوٹی میں۔ اسلام آباد میں ایوب اور ان کے ساتھ وزیر مغربی سوٹوں میں ملبوس تھے مگر پھر بھٹو جواہر لعل نہرو آیا تو ہاتھ میں شیروانی اور کھدر کی ٹوپی میں۔ بہت سے لوگوں کی سمجھ میں اس چھوٹے سے جملے کے معنی نہیں آئے ہیں کہ "لباس کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی"۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ مغربی پوشاک کو اپناؤ اور اپنے لباس کا مذاق اُڑاؤ۔

لکھتے لکھتے راستہ بھٹک گیا اور مفتی محمود کی بات لے بیٹھا۔ ان سطروں میں باتیں کرنا چاہتا تھا ہمارے الیکشن کی۔ ہماری گاندھی کے ہارنے کی وہ تمام وجوہات نہیں جو دنیا بھر کے اخبارات نے لکھیں۔ اصل وجہ ووٹ ڈالنے اور ان کے گنتی کرنے کے طریقوں کی ہے۔ اس میدان میں مہارت کوئی الیکشن کروانے کے بعد ہی حاصل ہوتی ہے۔ پاکستان میں اتنی بار الیکشن ہوئے کہ ہمیں گنتی یاد نہیں رہی۔ اس لیے ہمارا اس میدان میں تجربہ زیادہ۔ اب اگر الیکشن کروانے سے پہلے بیگم گاندھی الیکشن کمشنروں کی ایک ٹیم کچھ دنوں کے لیے اسلام آباد بھیج دیتیں تو نتیجہ حسبِ منشاء رہتا۔ ہمارے ملک کے حالیہ الیکشن میں چند پولنگ اسٹیشنوں سے گنتی مکمل ہونے سے پہلے ہی برسرِ اقتدار پارٹی کے امیدواروں کی کامیاب ہونے کا اعلان کر دیا گیا۔ اسے کہتے ہیں تکنیک!

ان کالموں میں الیکشن سے پہلے قائدِ عوام کا ایک خط اندرا جی کے نام چھپا تھا۔ خط کے آخر میں موصوف نے لکھا تھا کہ اندرا کی کامیابی کی دعا مانگنے کے لیے وہ مولانا کوثر نیازی کو قرآن کر دیں گے۔ اب اگر کوئی یہ سوچے کہ قائدِ عوام کی بات غلط ثابت ہوئی تو یہ حقیقت سے دور بات ہوگی۔ ہمارے عوامی لیڈر نے تو پہلے ہی تنبیہ کر دی تھی کہ اگر اعتراض نے بھی تو ... کر کے بعد میں دعا کے نام سے نعت مانگی ... اور بھٹو نے اندرا کو لے ڈوبی!



اردو کے نامور افسانہ نگار کرشن چندر آٹھ مارچ ۱۹۷۷ء کو حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے۔ انہوں نے بے شمار افسانے اور ناول لکھے جو اردو ادب کا گراں قدر سرمایہ ہیں۔ ان کی حقیقت نگاری اور طنز و مزاح نے ان کو ہمیشہ یاد رکھے جانے والا بنا دیا۔ ان کی عمر ۶۳ سال تھی۔



بچوں کی نگہداشت

کیا آپ کا بچہ بھی نیند میں چلتا ہے؟

ہسپتالوں میں ایسے بچے بھی علاج کے لئے لائے جاتے ہیں جو سوتے میں چلتے ہوئے گر جاتے ہیں اور انہیں چوٹ لگ جاتی ہے۔ بعض اوقات تو شدید بھی ہو جاتے ہیں۔ خواب میں بڑبڑانا عام بات ہے جب یہ کیفیت شدت اختیار کر لیتی ہے تو نیند کے عالم میں چلنا پھرنا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اکثر مائیں بچے کی اس کیفیت سے سخت پریشان ہوتی ہیں۔ انہیں اصل حقیقت کا علم نہیں ہوتا۔ اس لئے وہ سمجھتی ہیں کہ ان کے بچے پر کسی بھوت پریت کا سایہ ہو گیا ہے۔ وہ علاج کے لئے تعویذ گنڈوں کا سہارا بھی لیتی ہیں۔

دراصل یہ کیفیت ہی ایسی ہوتی ہے کہ بھوت پریت کے سائے کا گمان ہونے لگتا ہے۔ سوتے میں چلنے پھرنے والے بچے کی آنکھیں کھلی ہوتی ہیں۔ وہ بغیر پلک جھپکائے ادھر ادھر گھوم پھر کر کوئی چیز ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ دیتا ہے۔ اگر اس سے بات کرو تو وہ جواب نہیں دیتا۔ وہ سن سکتا ہے لیکن سمجھ نہیں سکتا۔ اسے پکڑ کر بستر پر لٹا دو تو وہ دیسے ہی سو جاتا ہے۔ اگر بچہ جاگ بھی جائے تو اسے یاد نہیں ہوتا کہ وہ ابھی کمرے کا دروازہ کھول کر باہر گیا تھا۔ سیڑھیاں چڑھ کر کوٹھے پر پہنچ گیا تھا۔

جن لوگوں کے مکان ایک ہی منزل کے ہوتے ہیں انہیں تو اپنے بچوں کے بارے میں اتنی تشویش نہیں ہوتی۔ لیکن جو لوگ اونچی بلڈنگ میں یا فلیٹ میں رہتے ہوں ان کے لئے بچے کا نیند میں چلنا پھرنا پریشان کن امر ہے۔

درحقیقت یہ کوئی بہت پریشانی کی بات نہیں ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال رکھا جائے تو مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

سب سے پہلے آپ بچے کی عام صحت کا خیال رکھیں۔ اگر بچہ بیمار ہے اور بیماری کے اثر سے چڑچڑا اور کمزور ہو گیا ہے تو وہ کچی نیند سوئے گا۔ کچی نیند میں خواب کثرت سے آتے ہیں۔ جن کا اثر ذہن پر بھی پڑتا ہے اور زیادہ اسی کے اثر سے بچے خواب میں چلنے پھرنے لگتے ہیں۔ اپنے بچے کو وقت پر متوازن اور مناسب غذا دیں۔ آپ کے بچے کی صحت مند رہنا بہت ضروری ہے۔

وہ بچے جو باشعور ہونے کے باوجود بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔ اکثر نیند میں چلنے کے مریض بھی ہو جاتے ہیں۔ بستر میں پیشاب نکل جانا بھی نیند کی اسی کیفیت میں شامل ہے۔ اکثر بچے خواب دیکھتے ہیں کہ وہ غسل خانے میں بیٹھے ہوئے ہیں جس کا دباؤ کے ساتھ ان پر ذہنی دباؤ اس طرح سے پڑتا ہے کہ بچے کا اپنے اوپر کنٹرول بالکل ختم ہو جاتا ہے اور وہ بستر میں ہی پیشاب کر دیتا ہے۔ اسی طرح

بھی بچہ جب خواب میں اپنے آپ کو بھاگتے ہوئے یا درخت پر چڑھتے یا اسی قسم کا کوئی اور عمل کرتے دیکھتا ہے تو اس پر ذہنی اور جسمانی دونوں دباؤ شدت سے بڑھ جاتے ہیں اور وہ نیند میں چلنا پھرنا شروع کر دیتا ہے۔

سب سے بڑی وجہ نیند میں چلنے پھرنے اور بولنے کی یہ ہے کہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے ذہنی اضطراب تردد ہے۔ مثلاً ایک اسکول کی آٹھ سالہ بچی کو ایک ڈرامے میں پارٹ ملا۔ اسے اپنا پارٹ زبانی یاد کرنا تھا اس کے ذہن پر ہر وقت یہی بات سوار رہتی تھی کہ کہیں اسے اپنا پارٹ بھول نہ جائے۔ وہ ہر وقت اپنی ماں کو کہتی رہتی تھی کہ جو کچھ اس نے یاد کیا ہے وہ اس سے سن لیں۔ اس کی ماں اپنی مصروفیت کی وجہ سے کبھی اپنی بچی کی بات نہ سن سکی۔ جب ڈرامے کو دو تین دن رہ گئے تو بچی کے ذہن پر اس قدر دباؤ پڑا کہ اس نے نیند میں چلنا پھرنا اور بولنا شروع کر دیا۔ جب ڈرامہ ختم ہو گیا تو بچی کی حالت خود بخود ہی ٹھیک ہو گئی۔

بہت حساس بچے بھی بے آرام رہتے ہیں۔ وہ معمولی باتوں کا بھی بڑی شدت سے اثر قبول کرتے ہیں۔ جب تک وہ اپنا فرض نہیں پورا کر لیتے ان کے ذہن پر ایک بوجھ سا پڑا رہتا ہے۔ اس ذہنی بوجھ کا ردعمل نیند میں چلنے پھرنے کی کیفیت میں ظاہر ہوتا ہے۔ ایک بچہ سونے سے قبل رات کو ذہن پر یہ بوجھ لے کر سوتا ہے کہ اسے صبح اسکول جانا ہے تو ایک رات وہ خواب دیکھتا ہے کہ اس کے اسکول جانے کا وقت ہو گیا۔ نیند میں ہی وہ اٹھ کر اپنا بستہ اٹھاتا ہے اور اسکول کے لئے روانہ ہو جاتا ہے۔ معلوم نہیں بچہ کیا کر گزرے۔ اگر اسے کوئی پکڑ کر بستر پر واپس نہ لٹائے۔

نیند میں چلنے پھرنے والے بچوں کے ہاضمے کا خاص خیال رکھیں۔ ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے بھی خواب کثرت سے آتے ہیں اور نیند گہری نہیں ہوتی۔ گہری نیند میں کسی قسم کے خواب نہیں آتے۔ صرف کچی نیند میں ہی خواب آتے ہیں اس لئے وہ اس طرح نہیں سو پاتے۔ اس طرح نیند میں چلنے پھرنے اور باتیں کرنے کی صلاحیت بیدار رہتی ہے۔

بچے کو رات کے کھانے میں کوئی بہت مرغن غذا نہ دیں۔ رات کے لئے ہلکی پھلکی غذا ہی بہتر ہے۔ رات کو بھیجے بچے کو بالکل نہ کھلائیں کیونکہ یہ بہت دیر میں ہضم ہوتا ہے۔ جب تک غذا ہضم ہونے کے مرحلے میں رہتی ہے۔ نیند گہری نہیں ہو پاتی اور نیند میں چلنے پھرنے کا امکان رہتا ہے۔

بچے کو کھیل کود سے بالکل نہ روکیں۔ جتنا زیادہ وہ کھیلے گا، اتنا ہی زیادہ تھکے گا اور گہری نیند سوئے گا۔ رات کو بچے کے کمرے میں ہلکی روشنی والا لیمپ جلائے رکھیں۔ بچے کی آنکھ کھلے گی تو روشنی دیکھ کر وہ دوبارہ سو جائے گا۔

بچہ اپنی ماں کی موجودگی کو زیادہ تلاش کرتا ہے اگر اسے یہ احساس ہو جائے کہ اس کی ماں اس کے پاس ہے تو وہ اپنے آپ کو ہر طرح سے محفوظ سمجھے گا اور آرام سے سوئے گا۔ چند دنوں تک بچے کو اپنے کمرے میں سلائیں یا جب بچہ سو جائے تو آپ اپنے کمرے میں چلی آئیں۔ بچے کے ذہن میں یہ بات رہے گی کہ آپ اس کے پاس ہی سو رہی ہیں۔ تحفظ کا احساس بچے کو ہر قسم کی ذہنی خرابی سے بچاتا ہے۔

افسانچے

سمجھوتا

شبیر احمد

"ہیلو، انجو ڈارلنگ!"

"میں مسز جسپال ہوں۔ تم کون ہو جو مجھے اس طرح مخاطب کرنے والے؟"

"بہت خوب! مجھے نہیں پہچانتیں؟ میں ہوں تمہارا ویکی — یعنی وکرم دیال۔"

"شٹ اپ! میں تمہیں جانتی بھی نہیں وکرم دیال!"

"تم..."

"کسی شریف عورت کو چھیڑتے ہوئے تمہیں شرم نہیں آتی! جاتے ہو یا پولیس بلاؤں!"

"بلاؤ۔ مگر میرے حوالات جانے کے بعد اس بات کا خیال رکھنا کہ میری اپنی گرینڈ ہوٹل کے کمرہ نمبر ۲۰۴ میں ہے، تمہارے سارے خطوط محبت نامے اور مسٹر جسپال کی قتل و تشدد کی وارداتیں اس اٹیچی میں بند۔ اگر یہ ہوٹل کے منیجر یا پولیس کے ہاتھ لگ گئے..."

"خاموش! پلیز! دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں — آج شام میں ہوٹل میں آ جاؤں گی، باقی باتیں وہیں ہوں گی۔"

★

حقیقت

تنویر اختر رومانی

ایک مکان کے وسیع آنگن میں کچھ چھوٹے چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں "گھر گھر" کا کھیل کھیل رہے ہیں۔

"ڈیڈی کون بنے گا؟" ایک لڑکا پوچھتا ہے۔

"میں!" دوسرا لڑکا جواب دیتا ہے۔

"اور ممی؟" پہلا لڑکا کہتا ہے۔

"میں بن جاؤں گی" ایک لڑکی کہتی ہے۔ دوسرا لڑکا ایک شرط رکھتا ہے۔ "مگر دیکھو تم مجھے ممی کی طرح جلی کٹی نہ سنانا۔"

وہی لڑکی جواب دیتی ہے "ٹھیک ہے۔ مگر دیکھو، تم بھی میرے کپڑے دھو کر استری کر دینا، کھانا پکا دینا، برتن صاف کر دینا، تنخواہ کا لفافہ میرے ہاتھ میں دینا..."

★

کیوں؟

اطہر حسین بیروی

"تم شادی کیوں نہیں کر لیتیں؟" ہوٹل میں چائے پیتے کے دوران ایک لڑکی نے دوسری دوسری لڑکی کو مشورہ دیا۔

"شادی کر کے میں اپنے باپ کی روزی کی لات نہیں مارنا چاہتی" اتنا جواب دے کر دوسری لڑکی رو پڑی۔

★

خوانِ نعمت

لیموں اور گوشت

بکری کا گوشت ایک سیر، گھی تین چھٹانک، پیاز آدھا سیر، لیموں چار عدد، گرم مصالحہ ایک چائے کا چمچہ، ادرک ایک پاؤ، ادرک دو انچ کا ٹکڑا، اور نمک حسب ضرورت۔

پہلے گوشت پر لیموں کا عرق اچھی طرح مل کر رکھ دیں۔ ایک گھنٹے کے بعد ادرک، نمک، اور گرم مصالحہ بھی پیس کر ملا دیں۔ پیاز کاٹ لیں اور آدھی پیاز پتیلی میں پھیلا کر اس پر گوشت رکھ دیں اور بقیہ پیاز گوشت کے اوپر پھیلا کر دیں اور گھی ڈال دیں۔ اب پتیلی پر ڈھکن رکھ کر چاروں طرف آٹا لگا دیں تاکہ بھاپ نہ نکلے۔

اب اسے دھیمی آنچ پر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ آدھے گھنٹے کے بعد ڈھکنا کھول کر دیکھیں اور گوشت بھون کر اتار لیں۔

لیموں کا اچار

دو درجن کاغذی لیموں لے کر ایک درجن کا عرق نکال لیں اور بقیہ کو دو ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔

ایک مرتبان میں کٹے ہوئے لیموں ڈال کر نمک ملا لیں۔ اور لیموں کا عرق ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ اگر دل چاہے تو پسی ہوئی سیاہ مرچ بھی ڈال دیں۔ دو تین روز کے بعد اچار تیار ہو جائے گا یہ اچار لذیذ ہونے کے علاوہ ہاضمہ کے لئے بھی مفید ہے۔

لیموں کی پڈنگ

تھوڑا دو کھانے کے چمچے، چار کھانے کے چمچے مکھن یا مارجرین، دو عدد انڈے، چار اونس میدہ، آدھا چائے کا چمچہ بیکنگ پاؤڈر، ایک چٹکی نمک، ڈیڑھ کاغذی لیموں کا عرق اور ایک لیموں کے باریک کدوکش کئے ہوئے چھلکے، ایک پیالی دودھ، ایک بیکنگ کی ڈش۔

سب سے پہلے ڈش میں تھوڑا مکھن چپڑ کر رکھ دیں۔ اس کے بعد مکھن اور شکر کو خوب اچھی طرح پھینٹیں تاکہ بالکل کریم کی طرح ہو جائے انڈوں کی زردی الگ کر کے اس مرکب میں ملا کر اچھی طرح پھینٹیں۔ میدے میں نمک اور بیکنگ پاؤڈر ملا کر اچھی طرح چھان لیں اور انڈے اور مکھن کے ساتھ تھوڑا تھوڑا کر کے ملاتی جائیں۔ آدھا دودھ بھی ڈال لیں اور پھر ملائیں۔ انڈوں کی سفیدی کو اچھی طرح پھینٹ کر ملا دیں اور بقیہ دودھ بھی ڈال دیں۔ اب یہ مرکب ڈش میں رکھ کر آدھ گھنٹے تک ۳۵۰ ڈگری فارن ہائیٹ پر اوون میں بیک کر لیں۔

★

آپ کے خطوط

محترم ایڈیٹر صاحب!

۱۵ مارچ کا اخبار ملا۔ شکریہ۔ آپ ہر قسم کی خبریں دیتے ہیں جو ہماری کمیونٹی سے متعلق اور ایک حد تک اسلامی روح بھی لئے ہوئے ہوتی ہیں۔ اس دفعہ آپ نے MAN OF THE YEAR کے طور پر ایک کینیڈین کا انتخاب کیا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ہر سال اسلام کے دائرہ میں شامل ہونے والے مسلمان بھائی بہنوں کے لئے بھی ایوارڈ مقرر کریں۔

یہاں قریبی شہر میں چھ سات مسلمان خاندان ہیں جو زیادہ اکثریت عرب۔ لڑکیوں کی سے ہم کبھی کبھی اکٹھا ہوتے ہیں۔ اس بار بھی عید میلاد النبی کے موقع پر اکٹھا ہوئے۔ فیصل سیف جو فلسطین سے تعلق رکھتے ہیں ایسے موقعوں پر ہماری امامت کرتے ہیں جن کئی سال سے انکی عزیزہ کینیڈین بیوی کو ایسی مجالس میں بڑے شوق سے شامل ہوتے دیکھتی تھی۔ معلوم ہوا کہ اس سال وہ مشرف بہ اسلام ہوئی ہیں۔ الله کی رحمت سے ایک اور کینیڈین عورت بھی یہاں مسلمان ہوئی ہیں۔ اگر آپ ایسے نئے مسلمان ہونے والوں کی خبریں اپنے اخبار میں دیا کریں تو اس سے دوسرے مسلمانوں کو بھی ایک فخر کا احساس ہوگا۔ اور ممکن ہے کہ اسی طرح کئے اور لوگوں کو دائرہ اسلام میں شامل ہونے کی دعوت و ترغیب ہو۔

میں آپ کے قارئین سے التماس کرتی ہوں کہ وہ ان نئے مسلمان ہونے والوں کو مبارکباد کے خطوط لکھا کریں تاکہ اخوت اسلامی کا مظاہرہ ہو سکے۔ شکریہ!

شہناز لطیف   نسرین علی   (ڈیمبرا)

نوٹ:- مراسلہ نگار کی رائے کے پیش نظر اگر قارئین اپنے جاننے والے نومسلم خواتین و حضرات کے بارے میں ہمیں معلومات بہم پہنچائیں تو ہم ان کے مزور شائع کریں گے ______ ادارہ

ایڈیٹر صاحب!

ایک زمانے سے آپکو خط لکھنے کا ارادہ تھا۔ اب جو دیکھا کہ "کریسنٹ" اشاعت کے چھٹے سال میں داخل ہو گیا ہے تو قلم ہاتھ میں آ ہی گیا۔ "کریسنٹ" کے پاسبانوں کو مبارکباد اور نیک تمنائیں۔ خدا آپ کو سچائی کے راستے پر ثابت قدم رکھے۔

ضمیر فرودسی کے اس دور میں حق گوئی و بیباکی بے شک ایک آزمائش ہے لیکن "سن لو جو لوگ اللہ کے دوست ہیں اُن کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ کوئی غم" (القرآن)

کریسنٹ کا مستقل فیچر "چٹکیاں" نہایت ہی جاندار ہوتا ہے۔ اس کے خالق اقبال یونس خان کو قدرت نے جو حسن تحریر عطا کیا ہے وہ ہر ایک کا حصہ نہیں ہے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

آپ نے جو سالانہ ایوارڈز کا سلسلہ شروع کیا ہے یہ ایک نہایت مستحسن اقدام ہے۔ جیمز کارسن کی جرأت کا اعتراف اس سے بہتر اور کیا ہو سکتا ہے۔

کریسنٹ کے انٹرنیشنل حدود میں داخل ہونے کی بھی خوشی ہے بہتر ہوگا کہ آپ اس میں دنیا کے تمام حلقوں کے مسلمانوں کی خبریں شامل کیا کریں۔

محمد نعیم (ٹورانٹو)

نئے قارئین وطن کیلئے تحفہ

نئے ملک اور اجنبی ماحول میں آتے ہوئے ہر تارک وطن کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اُن سے ادارہ کریسنٹ بخوبی واقف ہے۔ اسلئے ہم گاہے گاہے ایسے مضامین اور خبریں شائع کرتے رہتے ہیں جن سے نئے تارکین وطن خاص طور پر فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لہذا اگر آپ امریکہ یا کینیڈا میں حال ہی میں آئے ہیں تو ہمیں مندرجہ ذیل کوپن پُر کر کے بھیجئے۔ ہم آپ کو تین ماہ تک "کریسنٹ" مفت ارسال کرتے رہیں گے۔

NAME: . . . . PHONE: . . . . . .

ADDRESS . . . .

. . . .

. . . .

DATE OF ARRIVAL . . . .

OCCUPATIONAL BACKGROUND . . . .

کون کس سے پوچھے؟

حسنی (ٹورانٹو)

لفظ "پاکی" پر تازہ ترین بحث نظر سے گذری۔ یہ بالکل بجا ہے کہ ہمارے اپنے ملک پاکستان میں شخصی آزادی کا فقدان ہے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ صحافت قید و بند میں دم توڑ رہی ہے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ شرافت، عزت، انسانیت اور آبرو جیسے معاشرے کی منڈی کے لئے اجناس میں جنکی کوئی قیمت نہیں۔

لیکن یہ ہماری بدقسمتی ہوگی کہ ہم بیرون ملک پاکستانیوں سے مبالغہ کریں۔ اس خیال سے نظر انداز کرنا شروع کر دیں کہ چونکہ ہمارے ساتھ پاکستان میں بُرا سلوک ہوتا ہے اس لئے یہاں بھی اگر کوئی ہمارے ساتھ بُرا سلوک کرے تو یہ اس کے لئے جائز ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ تقدیر نے پاکستانیوں کے لئے رسوائی ہی لکھ چھوڑی ہے۔

مسئلہ اگر لفظ "پاکی" کا ہوتا تو اپنے نام کے ساتھ لغت میں ایک اضافی لفظ سے ہمیں کوئی عار نہیں۔ پی۔ ایچ۔ ڈی نہ سہی پاکی ہی سہی۔ بلکہ مسئلہ تو ان حرکات کا ہے جو اس لفظ کے استعمال کے پیچھے کارفرما ہیں۔ مختصر الفاظ میں اس سارے قضیے کا جواز کچھ یوں بنتا ہے کہ بیشتر سفید فام جو لوگ یہاں نئے نئے آتے ہیں ان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹیں حائل کی جائیں۔ ان کے کاروبار کی نشو و نما کو روکا جائے۔ ان کو اچھے عہدوں سے محروم رکھا جائے۔ ساتھ ہی نئی پود کے ذہنوں میں سکولوں سے ہی احساس کمتری پیدا کیا جائے تاکہ آگے بڑھ کر ان میں اعلیٰ صلاحیتیں اجاگر نہ ہو سکیں۔ اور مجموعی طور پر ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچائی جائے تاکہ یہ لوگ یا تو ملک چھوڑ جائیں (جو کہ معاشی نقطہ نظر سے آسان نہیں) اور اگر وہ یہاں رہ بھی جائیں تو انکی حیثیت دوسرے درجے کے شہری کی سی ہو۔ اور یہ لوگ ہمیشہ نسلی اور ذہنی خلفشار کا شکار رہیں۔

یہ ایک نظریہ ہے جس کے تانے بانے پریس اور ٹی وی بڑی مہارت سے بنتے نظر آتے ہیں۔ کبھی جذبات کو مشتعل کیا جاتا ہے تو کبھی چنگاریوں کو بھڑکنے سے پہلے ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ کبھی انداز منفی ہوتا ہے (مثلاً ایک غیر قانونی پاکستانی کی تصویر سرورق پر چھاپ دی جاتی ہے) اور کبھی ہمارے لئے مگرمچھ کے آنسو بہائے جاتے ہیں۔ اپنے اداریوں اور ایڈیٹر کے نام خطوں میں بھلے ہی جتا کر وہ سارا مواد دبے لفظوں میں ملا دیا جاتا ہے۔ تاریخ اور کم عمر ذہنوں کو اکسانے کے لئے۔ اور یہاں کا نو عمر طبقہ یہ سمجھتا ہے کہ برصغیر کے یہ لوگ بے ضرر ہیں۔ انہیں پیٹا جائے تو یہ لوگ ہنسی خوشی سہہ جائیں گے (ہندو کہیں گے کہ مسلمان پیٹا گیا ہے اور سکھ کہیں گے کہ پاکستانی کی پٹائی ہوئی ہے) جب تک کہ خود ان کی باری نہیں آتی۔ انہیں جیسے نامعلوم ساتھ پکارا جاتا ہے تو یہ منہ پھیر کر چل دیتے ہیں۔ یہ صنعت اور کاروبار میں بد دیانتی ان کا ذریعہ آمدنی ہے۔

ہم اس وقت ایک دوراہے پر کھڑے ہیں۔ ایک طرف تو ہمارے سامنے مقامی باشندوں (یعنی کینیڈین انڈین) کی بدحالی کا مجسم ہونے والا تاریخی سلسلہ ہے جس کے افراد یا تو کوئی کے تاریک اور پسماندہ علاقوں میں محکوم اور مقید ہو کر رہ گئے ہیں۔ اور یا انہیں آپ ہائی وے کی بیسیوں تاریکیوں میں کسی فٹ پاتھ پر ایک ہاتھ میں بوتل تھامے مدہوش پائیں گے۔ یہ وہ چند خوش قسمت ہوں گے جو نئی تہذیب کی تلاش میں نکلے تھے۔ اور دوسری طرف وہ گروپ ہے جسے ایلیوٹ کہتے ہیں۔ یورپ سے نکال دیئے جانے کے بعد یہ لوگ یہاں آئے۔ انہیں بھی ہماری طرح ایک تلخ اور ناسازگار دور سے گزرنا پڑا۔ لیکن یہ لوگ اس حالت میں گذرے کہ آج انہی اس ملک کے سیاہ و سفید کا مالک سمجھا جاتا ہے۔ (گو انہیں سیاہ فام پسند کرتے ہیں اور نہ سفید فام۔ لیکن کسی کی کیا جرأت جو آنکھ بھی اٹھا کر دیکھے!)

ہمیں کونسا راستہ پسند ہے؟ ایک باعزت شہری کے حقوق کے لئے جدوجہد یا پھر سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے۔

محض اس لئے کہ ہمیں پاکستان میں شخصی آزادی حاصل نہیں؟ یہ سوال ہر پاکستانی کو اپنے آپ سے پوچھنا چاہیئے۔ اگر اس نے یہاں کچھ دیر ٹھہرنے کا ارادہ کر رکھا ہے تو گو علامہ مرحوم نے تو برسوں پہلے ہی ایسے سوالوں کے جواب قوم کو سمجھانے کی کوشش کی تھی۔

دل لرزتا ہے حریفانہ کشاکش سے ترا
زندگی موت ہے کھو دیتی ہے جب ذوق خراش

پاکستان میں جہاں تک آزادی اور جمہوریت کے فقدان کا تعلق ہے۔ اس میں ہم بھی اتنے ہی شریک ہیں جتنی حکومتی پارٹی جس کا عکس اگر آپ کو دیکھنا ہو تو خود کو آئینہ جا دیکھئے۔ اس میں ہم دیکھتے ہیں کہ چھوٹی سی پاکستانی کمیونٹی کتنی منتشر ہے۔ وہ کونسا ایسا سکالر ہے جو ہمارے اس چھوٹے سے تاریخی محل میں نہیں۔ کمیونٹی کی تعمیر تو ابتدائی دنوں میں ہی ٹکڑوں میں بٹ گئی۔ اتنی ہماری آبادی نہیں تھی جتنے لیڈر ابھر کر سامنے آئے۔ یہاں تو صحافت آزاد تھی۔ شخصی آزادی میسر تھی۔ پی۔ ڈی۔ زی کے خدشات موجود نہ تھے۔ ڈیفنس رولز آف پاکستان کے دائرہ اثر سے ہم باہر تھے۔ پھر ہماری صفوں میں انتشار کیسا؟ کون کس سے پوچھے؟

جب قوم کے اندر آزادی کی روح ختم ہو جائے تو انسانوں کے ہجوم کو چند کوڑوں سے ہانکا جا سکتا ہے۔ ہمارے ملک کے عوام کی تقدیر اگر کسی نے بدلی ہے تو وہ دس کروڑ انسانوں کے اپنے ہاتھوں میں ہے۔ اور ہر فرد قوم کے چہرے کو سنوارنے یا بگاڑنے میں برابر کا شریک ہے۔

وہ لوگ جو اس سیاست کے بازار میں اپنے ضمیر کا نیلام تو نہیں کرتے البتہ آزادی حاصل کرنے کے تیس سال بعد بھی حالات کو بدلنے کی بجائے فرار کی سوچتے ہیں یا پھر یہ سمجھتے ہیں کہ انگریز یا ہندو راج آج کے اس راج سے بہتر ہے۔ تو انہیں بھی سوسائٹی میں جمہوریت کے جہاد سے پرواہ کا کوئی حق نہیں ہے کیونکہ اندرونی طور پر وہ بھی غلامانہ ذہنیت قبول کر چکے ہیں۔

اگر ہم اپنے ملک پاکستان میں آزادی بہتر نہیں تو وطن میں ہماری جدوجہد جاری رہنی چاہیئے۔ اور اگر ایک آزاد شہری کی حیثیت سے ہم دنیا کے کسی دوسرے خطے میں موجود ہیں تو یہاں بھی اپنے حقوق کی حفاظت ہمارا فرض بنتا ہے۔ آخر ہم یہاں ROOTS کے ایک کردار KUNTA KINTE کی حیثیت سے تو نہیں لائے گئے۔

شمالی امریکہ میں ہر پاکستانی کے سامنے یہ دعوت فکر ہے کہ ہماری بقا تنظیم میں ہے اور منظم جدوجہد کے بغیر ہم پارہ پارہ ہو جائیں گے۔ اگر آج ہم ایک پرچم تلے جمع نہ ہو سکے تو لیڈری کا جنون ذہنوں سے نہ اترا تو اس قضیے کی تاریخ میں ہمارے ساتھ بُرا سلوک یہاں کا دستور بن جائیگا۔ یہ تاریخ کا ایک ایسا باب ہوگا جسے پڑھ کر شاید ریڈ انڈین بھی شرما جائیں۔ کیونکہ

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں

★

کریسنٹ میں اشاعت کے لئے
اپنے مضامین اور کمیونٹی کی خبریں بھیجئے

وانڈتا ______ مترجم



وانڈتا سیلوونک کو دنیا جہان کی زبانوں سے پیار تھا۔ وہ جو پولش تھی مگر پولش زبان کے علاوہ انگریزی، رشین، فرانسیسی اور اطالوی مہارت سے بولتی اور سمجھتی تھی۔ اسکے علاوہ جرمن، پنجابی، اردو اور دوسری کئی زبانوں سے شدبد رکھتی۔ تو تیا ۱۹ سال پہلے اسکی ملاقات ایک پنجابی نوجوان شاعر آرٹسٹ پرچیو سنگھ سے ہوئی۔ دونوں نے باہم شادی کر لی۔ پہلے انڈیا میں رہے پھر کینیڈا چلے آئے۔ آجکل وہ یارک یونیورسٹی میں انگریزی ادب میں ماسٹرز کر رہی تھی۔

۱۹۷۵ء میں کینیڈین سیکرٹری آف سٹیٹ کی ایک گرانٹ پر اس نے پنجابی لوک کہانیوں اور کہاوتوں کا ایک مجموعہ ترجمہ کیا تھا۔ اب وہ پولش لوک کہانیوں کو انگریزی زبان میں ڈھالنے کا سوچ رہی تھی کہ ۸ مارچ کی صبح کو اپنے گھر کے قریب منڈلے میں مردہ پائی گئی۔

پروفیسر غفور احمد کو پاکستان قومی اتحاد کا نیا سیکرٹری جنرل منتخب کر لیا گیا

انتخاب مرکزی کونسل کے اجلاس میں متفقہ طور پر عمل میں آیا

کونسل نے احتجاجی تحریک کے سلسلے میں بعض تجاویز بھی منظور کر لیں



پروفیسر غفور احمد

کراچی کے غربی اور بعض شرقی حصوں میں دوبارہ کرفیو نافذ کر دیا گیا

دوپہر ۱۲ بجے سے ۴ بجے تک کرفیو اٹھا لیا گیا تھا

وقفے کے دوران کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا

مولانا مفتی محمود سے مذاکرات کامیاب رہے

نوابزادہ نصراللہ کے بیٹے اور بھتیجے کی گرفتاری

فنی ماہرین اور اعلیٰ تربیت یافتہ افراد کو اندرون ملک روزگار مہیا کرنے کی کوشش کی جائے گی

اصغر خان کو پولیس نے حراست میں لے لیا

ہنگامی حالت کے خاتمے اور سیاسی اسیروں کی رہائی کا مطالبہ

پولیس گھروں میں گھس کر پرامن شہریوں کو گرفتار کر رہی ہے

پولیس اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے تشدد سے ۱۵۰ افراد زخمی ہو گئے

جمعیت علمائے پاکستان اور جماعت اسلامی کے لیڈروں کا الزام

جلسہ میں قومی اتحاد کے ۲ ہزار سے زائد کارکن اور لیڈر گرفتار کیے گئے ہیں

حکومت اتحاد میں پھوٹ ڈالنے کے لیے مختلف حربے آزما رہی ہے: بیگم نسیم ولی خاں

قومی اسمبلی کے حالیہ انتخابات قطعی غیر آئینی ہیں: مفتی محمود

اسلامی ترقیاتی بنک کی امداد



لاہور میں پولیس لاٹھی چارج کے بعد ایک زخمی نوجوان کو گرفتار کر کے لے جا رہی ہے

امریکی سیاہ فام مسلمان لیڈر خلیفہ حماص نے اپنے گھر پر پاکستان کا پرچم لہرا رکھا ہے

پاکستان کے عوام اور قانون دان طبقہ مکمل طور پر قومی اتحاد کے ساتھ ہے

قومی اتحاد کے رہنماؤں کی گرفتاری غیر قانونی اور غیر جمہوری ہے: لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کی قرارداد

یاسر عرفات جب چاہیں اردن کا دورہ کر سکتے ہیں: شاہ حسین

تمام رات قیامت کا انتظار کیا!

دیوار کے اس پار

Are You Facing Racial Discrimination Or Racial Assaults?

PLEASE FILL IN THE FOLLOWING AND SEND TO US:

NAME: ....

PHONE NO: ....

ADDRESS: ....

....

BRIEF DESCRIPTION OF INCIDENT:
(In English or Urdu)

....

....

....

....

....

پاکستان ہمارا ملک ہے، ہم اس میں کوئی توڑ پھوڑ نہیں کرنا چاہتے : اصغر خان

ہماری احتجاجی تحریک پر امن ہے اور ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہے ہیں

لاہور میں جلسہ سے قومی اتحاد کے رہنماؤں کا خطاب



قومی اسمبلی توڑنے کے بعد نوّے دن کے اندر دوبارہ انتخابات کرائے جا سکتے ہیں

دستور کے مطابق انتخابات آزادانہ اور منصفانہ نہیں ہوئے

عبدالحفیظ پیرزادہ کے جواب میں ملک محمد قاسم کے دلائل

بیگم نسیم ولی خان کے سندھ میں داخلے پر پابندی

حملہ آور گوریلوں کی بوچھاڑ میں اپنے ساتھیوں کی نعشیں بھارتی علاقے میں لے گئے

ہمارے ملک میں تخریب کار بھیجنے بند کر دیئے جائیں : جنرل ضیاء الرحمٰن




بیگم معراج محمد خان اور دو ساتھی شدید زخمی ہو گئے

ایرانی افواج کو ایٹمی ہتھیاروں سے لیس نہیں کیا جائے گا

جدید ترین اسلحہ سے آراستہ ایرانی فوج ہر طاقت پر بھاری ہوگی : شہنشاہ ایران



خودی



فرمودۂ اقبال


نئے ضوابط کے تحت پنشن کی رقم اور مدت میں اضافہ کر دیا گیا ہے

انتقال کی صورت میں ورثا کو دس برس تک پنشن کی رقم ملتی رہے گی

نئے ضوابط کا اطلاق یکم مارچ ۱۹۷۷ سے ہوگا

لاہور ۔۔۔ (اے پی پی) وفاقی حکومت نے سول ملازمین کی پنشن میں اضافہ کے فیصلے پر فوری عملدرآمد کا حکم دے دیا ہے۔ [illegible]

[illegible]



[illegible]

وزیراعظم بھٹو اپوزیشن میں نفاق ڈالنے کیلئے مزید رشتوں کی پیشکش کر رہے ہیں

انتخابی دھاندلیوں کا بڑا سبب طالع آزما سیاست دان ہیں: ائیر مارشل اصغر خان

اسلام آباد ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

لندن میں پاکستانی سفارتخانہ کے سامنے ڈیموکریٹک الائنس کے کارکنوں کا مظاہرہ

لندن (نمائندہ خصوصی) برطانیہ میں پاکستان ڈیموکریٹک الائنس کے کارکنوں نے آج ایک مظاہرہ کیا جو ... اور نسیم باجوہ کی قیادت میں پاکستانی سفارت خانہ کے سامنے ایک زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرہ میں برطانیہ کے مختلف شہروں سے ... [illegible]

[illegible]

ڈیموکریٹک الائنس جمعہ کو شام ... ایک ... اجلاس منعقد کر رہی ہے مزید معلومات ... فون نمبر ... سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

مولانا عبدالستار نیازی کو دی جانے والی فہرست حلقہ ... ۹۰ کا ... باغ کی گئی

[illegible]

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان میچ برابر رہا

[illegible]

رسول اکرمؐ کے بارے میں بنائی گئی فلم کی دوبارہ نمائش کے نتائج سنگین ہونگے

مفتی سلمان ... کی ... کا انتباہ

[illegible]

قومی اتحاد کے مرکزی رہنماؤں کی ضمانتوں کے لیے درخواست نہیں دی جائے گی

[illegible]

کراچی میں ۱۲ ہزار افراد گرفتار کر لئے گئے

[illegible]

امریکہ میں مسلم آزاد فلم کی نمائش پر ۲۵ مارچ ۔ احتجاج

[illegible]



[illegible]

ملک کے مختلف مقامات پر دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں قومی اتحاد کے متعدد رہنما اور کارکن گرفتار

متعدد شہروں میں مظاہرین پر لاٹھی چارج، بیسیوں افراد زخمی ہو گئے

لاہور میں لاٹھی چارج اور پتھراؤ سے دس افراد زخمی ہو گئے

زخمیوں میں ایک مجسٹریٹ بھی شامل ہے ۔ مشتعل ہجوم نے ایک بس کو آگ لگا دی



شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ

کریسنٹ

انٹرنیشنل

ٹورنٹو کینیڈا

یکم اپریل ... مطابق ۱۲ ربیع الثانی ...

جلد ... شمارہ ۳

عوام تشدد کے ذریعے اپنے مطالبات منوانے کی کبھی اجازت نہیں دیں گے

پیپلز پارٹی کے منتخب ارکان خود کو عوام کی خدمت کے لیے وقف کردیں : وزیر اعظم





وزیر اعظم بنام مفتی محمود

دونوں رہنماؤں کی خط و کتابت کا متن شائع کر دیا گیا

لاہور میں مکمل ہڑتال کے دوران

بعض علاقوں میں پولیس

اور عوام میں جھڑپیں

پولیس نے لاٹھی چارج کرکے لوگوں کو منتشر کردیا

تمام اہم کاروباری مراکز بند رہے

